پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

3 اکتوبر 2019

ریزرو بینک نے پنجاب اینڈ مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ سے ڈپازٹرس کے لئے نقد نکاسی لمٹ پچیس ہزار روپیہ (Rs.25,000) تک کی۔

یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا نے پنجاب اینڈ مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ کے ڈپازٹرس کو ان کے کل بیلنس سے دس ہزار روپیہ (Rs.10,000) تک رقم نکالنے کی اجازت دی تھی۔ ریزرو بینک نے اس پر دوبارہ اس بینک کی لکیوڈٹی حالت پر غور کیا اور ڈپازٹرس کی پریشانیوں کو دیکھتے ہوئے نقد نکاسی کی لمٹ کو بڑھا کر پچیس ہزار روپیہ تک (Rs.25,000) کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مندرجہ بالا راحت کی فراہمی سے اس بینک کے 70% سے زیادہ ڈپازٹرس اپنے اکاؤنٹ بیلنس سے پوری رقم نکالنے کے اہل ہو جائیں گے۔ ریزرو بینک اس بینک کی حالت پر لگاتار نظر رکھ رہا ہے اور ڈپازٹرس کے مفاد میں وہ ضروری قدم اُٹھاتا رہے گا۔

ریزرو بینک نے یہ بھی طے کیا ہے کہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 36AAA(5)(a) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کی شرائط کے مطابق تین ممبروں کی ایک کمیٹی کا تقرر کیا ہے جو پنجاب اینڈ مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ کے ایڈمنسٹریٹر کو تعاون کرے گی۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 861/2019-2020